سیاست میں یکتا تھے اور فرد تھے ۔ دیانت میں بے مثل اور فرد تھے
سیاست جو کی آپ نے اختیار ۔ کسی نے نفرمای وہ اختیار
وہ یہہ ھی کہ بیشک بصدق و یقین ۔ کسی پر مصیبت یہہ گذری نہیں

[illegible]

ہین مجموعہ جملہ محامد حسین
بدرجات عالی مصاعد حسین

بنے والد جو ان کے علی ولی
حکیم و حلیم و خفی و جلی

زمانہ کے حکما سے وہ تھے نہ کم
وہ مخصوص حکمت تھے عالی علم

جو بسیط بنی ہے کہ ظاہر ہوئے
کسی اور سے وہ نہ ظاہر ہوئے

عرب کی تواریخین دیکھو ذرا
تو حالات مخفی سب اونکے ہوں وا

زمان جہالت مین کیا تھے عرب
وفادار یا بیوفا تھے عرب

امیہ و ہاشم تھے دونوں اخی
یہ اک باپ کے بیٹے دونوں اخی

یہ دونوں تھے فرزند عبد مناف
تھا اسلام سے پہلے ان مین خلاف

خصومت عداوت تھی جنگ و جدل
چچا زاد اخوان مین جنگ و جدل

یہ دونوں قبیلہ تھی بس محترم
ریاست مین تھے دونوں بس محترم

امیہ کی اولاد کو اقتدار
ریاست کے باعث سے تھا اعتبار

مگر ہاشمی علم مین مقتدر
تھے خدمات کعبہ سے بھی مفتخر

یہ خدمت ہی اب تک مسلم ہین
مفوض ہی یہہ امر اعظم انہین

جو ہین حاکم مکہ وہ ہین شریف
سوا ہاشمی کے نہین ہی شریف

ریاست ہی روحانی اس سے گراو
یہ خدام کعبہ مین با اعتماد

ہوا رایت نزع جو ارتفاع
نفاق اور کدورت کی بینی شجاع

ہوئی جنگ دعوتوں مین حسد سے سوا
۳ محمد نے مکہ کو فتح کیا

امیہ کی اولاد جملہ قریش — مطیع محمد تھے جملہ قریش
جو تھے ہاشمی ہو گیے مستطیع — امیہ کی اولاد سب تھی مطیع
دلوں میں بھڑکتی تھی نار حسد — عوض اسکا لیں ایں کرتے تھے کد
نہ موقع ملا لیتے جو انتقام — یہہ تھا کینہ دیرینہ ولیکن تمام
نکالیں محمد کی رحلت ہوئی — دگرگونہ دنیا کی حالت ہوئی
تھا مکنون خاطر ہوا وہ حصول — ولی عہد ہوا ایکے توڑے اصول
ہوا کثرت رائے پر جانشین — ہوئے حق سے محروم ارباب دین
مخالف رہے آنا نہ موقع دیا — کہ ہو کثرت رائے اونمیں ہوا
نہ اجماع کو ہرگز ہوئی برہمی — بالآخر کو مغلوب تھے ہاشمی
جو حاصل ہوا یہہ مقام بلند — تو دنیا پرستوں میں تھے ارجمند
کیا قتل اوسکو ہوا جو خلاف — کیا حملہ سید و سادہونکو صاف
نبی کے جو خود بنگیے جانشین — ہوئے اہل دنیا ممد و معین
ہوی آل احمد تو گوشہ گزین — امیہ کی نسل رکن رکین
سوم کو حکومت مسلم ہوئی — امیہ کی اولاد حاکم ہوئی
ہوا نظم و نسق اونکا ہر جا تمام — حکومتمیں منصب ملی بالا تمام
جو ہاتھ آئی اسلام کی سلطنت — تو قائم ہوئی شانکی سلطنت
عداوت دلوں میں جو دیرینہ تھی — طبیعت کسی کی نہ بے کینہ تھی

کدورت

کدورت دلوں میں تھی اسکی جمی | پڑا دین میں سکّہ ہاشمی
ملے اونکو یہ رتبہ اُخروی | کریں اوسکی ہم لوگ سب پیروی
گروہ مسلمان ہوا جو کثیر | مضرت سمجھتے تھے روشن ضمیر
وہ دنیا کے سایہ سے باہر تھے | مخالف بدل گو بظاہر نہ تھے
وہ چاہتے تھے اسلام کو ہو فروغ | نہ زنہار اصنام کو ہو فروغ
وہ کرتے رہے دین کی پیروی | نکرتے تھے بیدین کی پیروی
ملا اونکو جو زیبہ عزّ و جاہ | ہوئے ہاشمیوں کے وہ بدخواہ
ترقی ہوئی جو بحد بے کمال | تو محکم کیا اپنا جاہ و جلال
تمرد ہوا سرکشی سے شروع | خلاف شرع حکم ہوتے شروع
بنی ہاشمی کا کیا یا شرف | تمسخر کا اونکو بنایا ہدف
علانیہ اونپر ہوئے طعنہ زن | جو تھے رہنما اونکے تھے بیخ کن
ہوئے اس سے آگاہ جو ہاشمی | کدورت دلوں میں بہی اونکے جمی
سوم کے جو حرکات دیکھے عجیب | طریق ہدایت سے وہ تھے ادیب
مسلمان سوم سے ہوئے برخلاف | کیا قتل اسے ہوئے برخلاف
ہو اکثرت رائے پر یہ اصول | علی کو کیا جانشین رسول
اُمیہ کی اولاد جو تھے کثیر | ہر اک کے ہوا اپنے خلاف ضمیر
یقین ہو گیا اور یہ دل نشین | کہ پھر ہاشمی ہونگے مسند نشین

ہوا جیسا سابق مین دور رسول ۴ / اوسی طرح پہر ہوگا دور رسول ۴

وہی مرتبہ ہوگا حاصل اہین / بڑا مرتبہ ہوگا حاصل اہین

بہت کیتی ہستی یہہ نار رشک و حسد / ہر اک دل مین تہی نار رشک و حسد

جو تہا معویہ حاکم ملک شام / وہ عرصہ سیے تہا حاکم ملک شام

تہا خلفا کی جانب سے وہ صوبہ دار / ہوا اوسکو حاصل بڑا اقتدار

بہت ہوشیار اور بہت دور بین / ملی اوسکو سرداری اہل کین

علی کی خلافت ہوی اوسکو شاق / تہا ستر و علن اوس سے ظاہر نفاق

کہ وہ مسلمان کو برہم کیا / فصاحت سے انسون اعظم کیا

رکہا قتل عثمان کا اتہام / علی کی لگا و تیہ کہینچی حسام

پڑا زمرہ مسلمین مین خلاف / وہ خود آیا میدان مین بہر مصاف

خبر مین جہالت کا آیا اصول ۳ / جو سابق مین تہا پہر وہ آیا اصول ۳

کہینچین تیغین اور جم گئی صف بصف / ہوا جنگ صفین کا شور و شغف

چلین تیغین کٹ کر گرے سر پہ سر / مگر جنگ سرد و نہ ہوتی تہی سر

بہیا بے بو ہین جنگ بیہم ہوئی / بہت فوج زخمی و بیدم ہوئی

علی ولی سے تہے اکثر خلاف / ہوا اونکو انکار رزم و مصاف

کہوں اسکے انجام کو گر بیان / تو ہو جا یگا طول ہو کا گران

بدین وجہہ کرتا ہون مین مختصر / ہوی سر نہ جب دم یہہ جنگ دو سر

گی

گیا سوے جانب ملک شام
بغاوت ہوی شام کی منجلی
زمانہ ہوا حاکم شام کا
مطیع ہو گئے اوسکے دنیا پرست
حسن تھے بڑے بھائی حسین
ہے خلفائے پنجم میں انکا شمار
تھی روشن ضمیری کی یہ مصلحت
بڑھا حاکم شام کا اقتدار
ہوئے تو تن انکے بالکل ضعیف
خلش اور کاوش کی حد سے سوا
ہر اک طرح ہو نجائے انکو گزند
مطیع سراور تھے گرچہ حسین
باعلان سب سے کہا غیر سب
کرونگا نہ باطل کی میں پیروی
کروں بات کس طرح وہ اختیار
بجز قتل ہونیکے چارہ نہیں
مخالف کو حضرت سے اندیشہ تھا

پھر آئے سمت کوفہ کو عالی مقام
ہوئے قتل مسجد میں حیدر علی
وہ غلبہ ہوا حاکم شام کا
پرستش میں اوسکے تھے دنیا پرست
خلافت پہ قائم تھے بارے وزین
ہوا سلطنت سے انہیں ننگ و عار
مسلّم اوسے کر دی کل سلطنت
ہر اک ہاشمی کا گھٹا اقتدار
مگر بحر دنیا کی بدلی ہر ریف
ہر اک ہاشمی زندہ در گور تھا
بہت سخت ہو نجائے انکو گزند
نہ تھے دشمنوں سے بہی خائف حسین
شہادت کا وقت آگیا عنقریب
کبھی حق ہو تابع کجروی
کہ جینا ہو جس سے مجھے ننگ و عار
مجھے بیعت اوسکی گوارا نہیں
تفکر تردد تھا اندیشہ تھا

ہا کچا کشمکش مین زمانہ طویل — بجا دونون جانب ہین کوشین جلیل
ہنے سردار جنت امام حسن — چھٹا اون سے دنیا کا دار محن
ہوا ابن سفیان کا بھی انتقال — سنو بعد اسکے ہوا جو مآل
یزید اوسکا بیٹا ہوا جانشین — بطرز ولی عہد تہا جانشین
ہوا تہا یہہ متروک بعد از علی — ہتی بیعت بہی اسکی خفی و جلی
ہوے اسپہ ناظر امام حسین — رہے نفس پر اپنے جابر حسین
ہوئے سلطنت اوسکو حاصل تمام — امیہ کی اولاد با احتشام
ریاست جو روحانی کعبہ کی تہی — مقدس جگہہ ایک کعبہ کی تہی
ہوئے اوسپہ نا اک حاکم رذیل — تکدر رہے اسمین حسین جلیل
تہے انجام بینی کے دلمین خیال — برے حد کے دین مین ہنو اختلال
رہا گر اسی طرح کا بندوبست — عقیدہ کو اسلام کے ہو شکست
رہا گر یہی دور این فاسقان — تو مٹ جائیگا ہاشمی خاندان
رہیگا نہ اک کا بہی نام و نشان — شریعت بہی ہوجائیگی رائیگان
اسی وجہہ سے آپنے صاف صاف — امیہ کی اولاد کے برخلاف
جو تہا دلمین پوشیدہ ظاہر کیا — اطاعت سے انکار ظاہر کیا
کسی پر نہ یہہ راز مخفی رہا — کہ انکار بیعت علانیہ تہا
مصر تہا اسی وجہہ اسمین یزید — وہ کرتا تہا کوشش بحد مزید

پر لی

تھے حضرت کے ولیکن جا علی حال — شہادت میں تھے سب سے بالاجمال
مورخ جو لکھتا ہے ای مومنو — بیان اوسکو کرتا ہوں دل سے سنو
تواریخ سابق سے واقف ہو ہی — امور جز و کل سے واقف ہوے
مسلمان بعضے ہیں سست اعتقاد — ہمیں تو لیکر اونکے کیا اعتماد
ہے ادراک جسکو بفہم عظیم — ہو تصدیق اوسکو بعقل سلیم
جو حضرت نے کی جان اپنی فدا — شرع دین احمد کو زندہ کیا
جو حضرت نہ اسطرح ہوتے شہید — تو حق اور باطل نہ ہوتا پدید
نہ جھنڈا بلند ہوتا اسلام کا — نہ یوں زندہ نام ہوتا اسلام کا
ہتی اسلام کی یہہ تو حالت جدید — نہ گذری تہی کچھہ اسکو مدت مدید
یہہ قانون اسلام مٹ جائے سب — کہ ہی برقی احساس عالم میں اب
ہوا اون کے والد کا جو انتقال — کریں یورش اسکو تہا اسکا خیال

ہے تیے عالی مقاصد جو پیش نظر
اوٹھایا مدینے سے رخت سفر

سفر کرنا حضرت امام حسین علیہ السلام کا مع اہل و عیال بجانب مکہ معظمہ

عراق اور مکہ کی جانب چلے — طرف حق کے وہ حق کے طالب چلے
ہوی رونق افروز حضرت جہان — تو اسلام کا گہر بنا اک نشان
مسلمان تھے دیندار اور ذی شعور — امیہ کی اولاد سے تھے نفور

نه تها بیخبر اس سے بالکل یزید | سمجھتا تها یہ بات بالکل یزید
سپاہ اسکا رفع جو ہوگا علم | مسلمان شریک انکے ہونگے اتم
ہین اسلام کے یہ جو رکن و عماد | ہے سبط نبی سے بڑا اعتقاد
شریک اونکے ہونگے مسلمان تمام | رفیق اونکے ہونگے یہ مسلمان تمام
مری سلطنت حملہ برباد ہو | قلع اور قمع سری بنیاد ہو
یہی وجہ تهی اور یہی تها سبب | گیا معویہ دار دنیا سے جب
ہوا جانشین یہ جو بازیب و زین | اوسی دن سے کی فکر قتل حسین
مورخ کا یہ قول لکھتے ہین ہم | لکھا ہے جو اوسنے وہ کہتے ہین ہم
بن معویہ کو ملا جبکہ ملک و سریر | اوسی وقت سے تھا اوسکے مافی الضمیر
بڑی یہ خطا اوس سے سرزد ہوئی | نہ وہ قوم سب اوسکی مرتد ہوئی
مٹا اس وجہ اوسکا نام و نشان | رہیگا قیامت تک اسکا بیان
ہی اس بات پر یہ بہی محکم دلیل | گئے قتل گہ تک حسین جلیل
نہ تھے سلطنت کے کبھی خواستگار | امور ریاست سے تھے برکنار
امور ریاستمین بے زیب و وطن | زعہد پدر تا بعہد حسن ۴
تھے واقف نہ پوشیدہ تھا نہاں | زمانہ کی حالت تھی سب آشکار
مہیا نہ جب تک ہو سامان جنگ | تو جمتی ہین عظمت و شان جنگ
بن معویہ کو تھا وہ اقتدار | تھے قبضہ مین سب اوسکے ملک و دیار

ہوکر

ہوے قتل جس دن سے انکے پدر
اونھی دن سے دیتے تھے اسکی خبر

مدینہ سے نکلے جو وہ حق پسند
تھی پیشین گوئی نبوت بلند

بیان سب سے کرتے تھے یہ صاف صاف
مین مقتول ہونگا نہ سمجھو خلاف

کشش ہے مری جانب قتل گاہ
مین ہون فدیۂ بارگاہ الٰہ

جو ہمراہ حضرت تھے اور خاص و عام
باتمام حجت تھے اون سے کلام

سو جس شخص کو طمع جاہ و جلال
کرے دور دل سے وہ اسکا خیال

مناسب ہے ہو جائے مجھسے جدا
کہ ہے آنے جانیکا رستہ کھلا

نہین ہے یہان دولت دنیوی
جو دیوے جان لے دولت اخروی

کہ ہی جنت شہادت بہاے گران
جو خواہان ہو اسکا تو دے نقد جان

یہی آپ فرماتے تھے گاہ گاہ
نہین دور نزدیک ہی قتل گاہ

ذرا اسکو سمجھو بعقل سلیم
اوٹھاتے نہ حضرت یہ بار عظیم

اگر قتل ہو جانا تھا ناگوار
جمع کرتے لشکر پے کارزار

بہت کوششین کرتے حد سے سوا
رفیقون سے کیون کہتے تم ہو جدا

وہ امر مقدس تھا پیش نظر
کہ ہے آج تک جسکا باقی اثر

یہ خاصان حق تھے جو مظلوم ہین
سبھی انکے ماتم مین مغموم ہین

یہ ظاہر ہی سب پر سنین ستر
تھے اوس عہد مین آپ محبوب تر

گروہ مسلمانین مخصوص تھے
گزیدہ و چیدہ یہ منصوص تھے

بڑہلئے جو قوت کو اپنے حسین ۔ تو نت کی بہت جمع کرتے حسین

مخالف سے کرتے بہت کارزار ۔ اگر قتل ہو جاتے انجام کار

تو ہوتا یہ مشہور افواہ عام ۔ ہوئے خواہش سلطنت مین تمام

حیات ابد کا ہے درجہ عظیم ۔ شہادت کا بیشک ہی رتبہ عظیم

نظم

اور ہائے جو حضرت کے غم گراں ۔ تو خاصان حضرت بڑھی عز و شان

رفیقان حضرت تھے خاص جو ہر ۔ قرابت کا رکھتے تھے جو اختصاص

علم وار لشکر اخی حسین ۔ تھے عباس نامی بعید زیب و زین

بہادر جری اور بڑے نامور ۔ ہوئے جان نثار اور سینہ سپر

امام حسن کے بھی فرزند تھے ۔ تو احباب مخصوص بھی چند تھے

از انجملہ ہمشیرہ کے تھے پسر ۔ وہ زینب کے مشہور لخت جگر

شجاع وجوان مرد نامی جری ۔ گئے لیکے وہ گوئے نام آوری

جو تھے شیر میدان جنگ و وغا ۔ ہوئے کم سنی مین نبرد آزما

وفاداری اور ہوی اختتام ۔ وہ جان باز مخصوص ذات امام

اصالت کے جوہر وہ دکھلا گئے ۔ شہادت کے درجہ مین بالا گئے

اغیار و احباب و کل جان نثار ۔ ناٹہ سے زیادہ ہین ہے شمار

کہر رکہا سب نے یہ بار بار ۔ مناسب ہے ہو جاؤ مجہسے جدا

خلاف وفا اور بہایت تہانیاق ۔ پسندیدہ او لکو نہ آیا فراق

تعزیتی

اقدس جلالت مین تھے انجناب — ملیگا بڑا اونکو اجر و ثواب

رفاقت مین کی جان بدن سے جدا — ہوئے وہ شہیدان راہ خدا

علامہ نے از رہ تحقیقات — بیان آپ کرتے تھے کل واقعات

زن و بچے سب ہین ہوئے اسیر — عزیزین ہنو جسکے مثل و نظیر

نہ تھی شتر مہنی مین جو اطلاع — سفر سے وہ حضرتکو تھے امتناع

یہ اصحاب کو تھے حضرت جناب — بخبر قتل کہتے ہین ہی تاب

خدا کی ہوئی ہی مشیت یہی — مرے جد نے کی تھی وصیت یہی

دکر بار کرتے تھے وہ یہ کلام — جو مدنظر یہ ہی عالی مقام

عیال اپنے ہمرہ نہ لے جائیے — انہین چھوڑ کر آپ خود جائیے

تو حضرت یہ کہتے تھے اوسے مقال — مشیت مین خلق کی ہے مجال

حسین مقدس تھے روشن ضمیر — یہ فرماتے تھے بچے ہونگے اسیر

یہ کلمات روحانی انجناب — تھے ایسے کہ کرتے تھے لاجواب

کسیکو نہ تھی دم زدن کی مجال — نہا سے وعلن آپ کا ایک حال

مصایب اوٹھائے جو بحد مر — ہین ہی یہ زنہار کار بشر

تھے حضرت کے دل مین جو عالی خیال — ملی آپ کو دولت لا زوال

نہ خواہان تھے اسکے کہ ہون بادشاہ — نہ دنیا کی رکھتے تھے کچھ دل مین چاہ

ہوا اون سے احیائے دین الہ
ہوئے قتل و ہو نجے قہر الہ

نہ سہل اسکو سمجھو ہی امر اہم
عجب مہلکہ مین رکہے ہین قدم

ہے بدفعے موزخکا جیسے خیال
دلائل یہہ اوسکے ہین ارباب حال

تہا اصحاب سے یہہ خطاب حسین
جو موجود تہے ہمرکاب حسین

نہ فی الحال و سابق ازین بہتر
پس از قتل اپنے یہہ دیتی خبر

مصائب تو جاینگے ہم پر گذر
مشیت خدا کی ہو یون جلوہ گر

حمایت کو پیدا کرے گا خدا
جو باطل کو حق سے کریگا جدا

سر نو ہو اہل ولا کو رواج
اونہین سے ہو دین خدا کو رواج

کرین میرے ماتم مین سینو نکو چاک
کرین دشمنونکو ہمارے ہلاک

مرے جدا علی کے ہین دوستدار
قیامت کے دن ہو گئے یہہ رستگار

نہ اک جوق جوق اور ہزاران ہزار
زیارتکو آئین ہر روضے مزار

کرین غور گر اسمین باریک بین
سیاست ہو حضرت کی دلنشین

ازانجملہ یہہ ہی مصیبت شدید
کہ سنتے ہین جسکے ہو رقت شدید

جراحت سے سب جسم تہا چور چور
ہجوم مصائب تہے بے وفور

عطش سے طپان تہے صغیر و کبیر
کئیے لیکے ہاتہو نپہ طفل صغیر

کیا ظالمو نکی طرف یہہ خطاب
پیاسا ہے دو اسکو تہوڑا سا آب

بلند اوسکو ہاتہو نپہ کرکے باربار
کہا یہہ کہ مرتا ہے یہہ شیر خوار

ہین جو ن اگر ہین سزاوار آب / ہین اسکے لیئے ہون طلبکار آب

بڑے سنگدل تھے وہ ظالم شریر / کیا قتل جسنے کو مارا وہ شبیر

سوال آب کا کیا دیا کیا جواب / ہین آ گئے تیر کی جنکی تاب

ہر اک طرح کرتے تھے حجت تمام / کہ آگاہ ہو جائین سب خاص و عام

عداوت کی ان کی کوئی حد نہین / شقاوت کی ان کی کوئی حد نہین

نہ مجبور تھا اسقدر تو یزید / کہ قادر تھا اس بات پر تو یزید

ہے آب رواں تو خدا کی سبیل / کیا بند اوسکو بظلم قتیل

کسی پر نہ گذرے یہہ ظلم و ستم / جو حضرت پہ گذرے ہین ظلم و ستم

وہ اک شیر خوارہ تھا طفل صغیر / تھا معصوم و بیچارہ طفل صغیر

کیا ظالمون نے یہہ حاصل شرف / کہ تیرونکا اوسکو بنایا ہدف

درندان وحشی کے اونمین خصال / بہائم سے بدتر تھے اونمین خصال

طریق شرع سے بہی تھے منحرف / وہ اسلام و دین سے بہی تھے منحرف

مخالف تھے وہ مذہب و دین کے / منافی تھے وہ جملہ آئین کے

انصف کے تھے جاہلانہ چلن / فساد و عناد اونمین سر و علن

یہی اونکو دشمنی تہی تمام دکھاد / ہو ان اولاد ہاشم کے سب بیکناہ

محمد کی عترت نہ باقی رہے / کوئی اسکی عظمت نہ باقی رہے

تہا اسلام مین آپ کو اقتدار
حکومت سے لیکن رہے بر کنار

بلاد عرب پر تہا قابض یزید
سبہی مملکت پر تہا قابض یزید

کسی شہر پر بہی نہ قبضہ کیا
نہ حملہ کیا اور نہ بلوہ کیا

کیا تہا نہ کچہ بہی خلاف یزید
ہوا اوس سے ظاہر نہ ظلم شدید

ہوئے وارد کربلا جو حسینؑ
تقدس منش عرش کے زیب و زین

تہا صحرا لیے بی آب او بی گیاہ
درختوں کا سایہ نہ جائے پناہ

لیا گہیر لشکر نے چارون طرف
حصار محاذ تہا چارون طرف

تہے انصار حضرت مین تہوڑے قلیل
وہان کثرت فوج بیحد طویل

نہ تہے سلطنت کے کبہی مدعی
حکومت کے ہرگز نہ تہے مدعی

کہا تہا نہ یہ بہی کہ ہون بادشاہ
نہ تہے طالب ملک و اقبال و جاہ

خلاف شرع تہا جو فاسق یزید
ہوئے معترض تہا یہ شاق یزید

باعمال بد تہا اوسے ارتکاب
معتوب ہوئے اوسے عالی جناب

اسی وجہ بیعت سے انکار تہا
بہت ننگ و مذموم اور عار تہا

کیا بند حضرت پہ آب روان
کسی پر ہوئے ظلم ایسے کہان

ہلاکت مین گرمی سے طفل و جوان
زمین حدت مہر سے تہی طپان

تڑپتے تھے خیمہ مین اہل حرم
اب خشک استکون سے کرتے ہیں ہم

بڑے سنگدل اور بڑے بیحیا
نہ پاس نبی ورنہ خوف خدا

ہوئے اون سے ظاہر یہ اخلاق بد
ہین کافر و مومن جو اخلاق بد

گھرے دشت بے آب مین جو حسین
تو فرماتے تھے یہہ عدو سے حسین

کہ ونک مجکو نہ تم چھوڑ دو
چلا جاؤن نکلا مین کسی سمت کو

جہان تک ہے محدود حد یزید
نکل جاؤن باہر حد یزید

اسی نکتہ غم کو سمجھو اگر
دل اہل ایمان مین ڈالا اثر

اُمیہ کی اولاد کے برخلاف
ہین ایمان کیطرح کہ ہے صاف صاف

ہوئے بیشتر اس سے اور واقعات
بہت سانحے اور ہوئے واقعات

ہوئے قتل ناحق عبث بیگناہ
ہوئے خواستگار عوض خون خواہ

مکرر سکرر ہوا اتفاق
جو لکھون تو ہو طول سننا ہو شاق

از انجملہ عیسی نبی کلکھے حال
ہو سننے سے جسکے تحیر کمال

بڑا قصہ یہہ بھی ہی اک جانگداز
خدا کے ہین حکمت کے راز و نیاز

اسی طرح ہی حال عیسی نبی
بروح مجرد تھے عیسی نبی

یہودون نے کیسا کیا ہی سلوک
وہ ظاہر ہے جیسا کیا ہی سلوک

نہ ان واقعون کی تھی کوئی مثال
مگر سب سے بڑھکر ہے حضرت کا حال

مستزاد

در یکانہ دریاے مجمع البحرین
نخل طیبہ کربلا امام حسین ع

تمامی وقائع پہ ہی فوقیت
کسی واقعہ ایسا گذرا ہین
ذبح قتل اپنا گوارا کرے
کہ جس کیا بیان واقعہ حسینؑ
ہین ثبت تاریخ اسکی نظیر
کسی عہد مین اور نہ سابق ازین
بجز نفس پاک امام حسینؑ
یہہ تہے خسرو ملک ایمن حق
خوشی سے ہوئے قتل راہ خدا
کہا جائے بالفرض گر یہہ سخن
ہوئی امن سے جانبازئے راہ دین
جہاں وجہ جان وجہ اہل و عیال
کسی پر گرا ایسا نہ کہسار غم
بپا ہے مصائب کا ایسا ہجوم
یہہ سبط نبی پر ہوا اختصاص
غم انگیز ہے حال قتل حسینؑ

تمامی مصائب پہ ہی فوقیت
کہین ثبت تاریخ دیکھا ہین
اس امر اہم کو گوارا کرے
ہین دلسوز سب واقعات حسینؑ
یہہ اک واقعہ ہے عدیم النظیر
کوئی شخص ایسا تو گذرا ہین
بجز ذات پاک امام حسینؑ
مروج ہوا ان سے سب دین حق
کہ دین اپنے نانا کا زندہ کیا
ہوئے اور بہی مبتلائے محن
مقابل مین حضرت کے کچھہ بہی نہین
کیا آپ نے حملہ نذر ذو الجلال
اوٹہایا ہے حضرت نے جو بار غم
بیک دفعہ نازل ہموم و غموم
ہوئے آپ مخصوص با اختصاص
بہت سخت ہی حال قتل حسینؑ

دوکا

ہوئے اہل بیت نبی جو اسیر — ہوئے اس سے واقف صغیر و کبیر

ہوئے زرد رو دشمنان حسین — اک عالم ہوا مدح خوان حسینؑ

یزیدی ہر اک خوار و رسوا ہوا — یہ اک طشت تھا بام سے جو گرا

سبھی اوس سے بدخواہ دین ہوئے — قبائح جو تھے مخفی روشن ہوئے

ہوا دیر تا مان کر دہ انقلاب — ہوئی سلطنت اوسکی اس سے خراب

جو حق بین تھے کرتے تھے وہ سیر کام — عرب اور عجم مین تھا غوغائے عام

متحرب ہی بیسکے یہ اسلام تھا — پرستار تھے کفر و اصنام کا

ہوا بدعتوں کا جو بانی یزید — گیا ہول سب حکمرانی یزید

ہوا ظالم و فاسقین مین شمار — برا اوسکو کہنے لگا روزگار

صغیرہ و لیکن رشتی دنیا کی جمی — تو مظلوم و حقدار تھے ہاشمی

ہوئی خدمت کعبہ کو برہمی — تو تھے مستحق اسکے سب ہاشمی

یہ اسلام نے پائی تازہ حیات — فنر و فنر ہوئے درجہ عالیات

جو پیرو نقی تھی لعہد یزید — ہوئی اوس مین رونق بطرز جدید

بیان مصائب حضرت امام حسین علیہ السلام

مصیبت بہت سخت و جانکاہ ہے — تو اریخ دان اس سے آگاہ ہے

ہوا جو کچھ بعد قتل حسینؑ — جہان مین تھا ماتم بصد شور و شین

نہ انسان ہی بلکہ جملہ صنوف — پڑا مہر و مہ مین کسوف و خسوف

وحوش

خروشان زمانہ تہا با درد و آہ — ملایک نے پہنا لباس سیاہ
ہوا اسکی مدت میں یہ غم منتشر — گیا انبیا میں بہی اسکا اثر
پہاڑون کے دل ہو گئے پاش پاش — یہہ دلسوز قصہ ہے بس دلخراش
شفق سے ہوا آسمان خون چکان — زمین پر ہوئے بحر خونین روان
جو سب کہتے تہے ولین ولائے حسین — ہوئے وہ شریک عزائے حسین
جو یہہ فدیۂ خاص یزدان ہوے — ملقب بہ شاہ شہیدان ہوئے
ہوی آپ پر جو مصیبت تمام — ملی آپ کو اسکی عظمت تمام
جو گذرے ہین سابق میں اہل ولا — اونہین بہی مصایب کا درجہ ملا
مگر کل مصائب کے مظہر حسین — ہین کشتی امت کے لنگر یہین
ہوی بیکسی آپ کی مشتہر — چہ مشرق چہ مغرب چہ در بحر و بر
ہر اک سمت عالم مین پہیلا یہ غم — دل مومنین مین سمایا یہ غم
ریاست ہی روحانی جائے عظیم — بنام خدا ہے بنائے عظیم
مقام تقدس ملایک مآب — ہی بنیاد جسمین وہ انتخاب
مفوض باولاد ہاشم ہوی — یہہ خدمت اونہین کو مسلّم ہوی
نہ باقی رہا خاندان یزید — ہوے منتشر تا بجان یزید
ہوے مبتذل اور نابود سب — قباحت سے نام اونکے لیتے ہین اب
ہین کہوئے و نشان اونکا ات ان — کہان کیسے کہ تہے گئے وہ کہان

کتابوں میں اوسکا جو آتا ہے نام — ثنا تب ہی کرتے ہیں اوسپر تمام

یہ ہمزہ حسینی سپاسکا ہی — کہ عالم مقر اوسکی عظمت کا ہی

جو روحانی گذرے ہیں ارباب دین — نہ گذرا کوئی ایسا انجام ہین

بدست ستمگار فوج شریر — جو اطفال و نسوان ہوئے تھے اسیر

گئے تھے ابھی تک نہ پیش یزید — ہوئے دادخواہ آپ یکسو بدید

لکھوں کیا میں حال خراب یزید — نہ باقی رہا کوئی وارث یزید

تہا مختار کو جوش خون حسین — ہوا وہ طلبگار خون حسین

فراہم ہوئے شیعیان علی — کھلا رایت دوستان علی

پڑے معرکہ کی ہوئی کارزار — ہوئے قتل وہ تھے جو بدعت شعار

تھے مظلوم و بیکس امام حسین — مجاہد سے لیتے تھے نام حسین

ہر اک خارجی پر کیی دار و گیر — ہوا قتل کوئی تو کوئی اسیر

نگہ سر ہوئی تھی جو شان یزید — خجالت میں تھے تابعان یزید

نہ تھی قبل ازین تو کسیکی مجال — بدربار عام اسپہ ہوتا بحال

بیان کرتے سحر و شنان حسین — باوصاف کرتے بیان حسین

جو مظلومیت اوسکی کرتے پدید — تو جبر او قہر اتہا سنتا یزید

نہ تہا کوئی چارہ بغیر از سکوت — کہ یہ قتل ناحق تہا اوسپر ثبوت

ہوا اہتمم فوج پر مفتری | کہ اس ظلم سے تاکہ مین ہون بری
جو حکام ہتے سلطنت کے امیر | اونہین پر یہہ الزام ڈالا اخیر
ہتے ممدوح عالم حسن ہی شہید | فضائل مجاہد کو سنکر یزید
یہہ کہتا تہا آخر بفرط ملال | ہے اندوہ و غم مجکہا سکا کمال
فضائل مین آل نبی کے ستون | مجاہد مین آل نبی کے ستون
حسن ہوئے بالغرض گر بادشاہ | تہا آسان یہہ شاق مجپر ہے آہ
بنی ہاشمی کی بڑہی عز و شان | کرا اونکا اسلام مین پہر نشان
ہوئی اک قرن سے بہی مدت جو کم | امیہ کی اولاد سب ہتی عدم
نہ نام و نشان اونکا باقی رہا | ہتے اندلس مین کچہ روز فرمان روا
نہ وہ ہین نہ اونکی ہی وہ سلطنت | مٹی ظلم سے اونکی وہ سلطنت
اگر حب و جو سے بہی آئے نظر | تو بدنام و مطعون ہو اسقدر
وہ حب و بسب اپنا خفیہ کرے | وہ اظہار سب مین تقیہ کرے
سلاطین قاچار ایران کے شاہ | مثل امیہ ہین بے اشتباہ
یہہ انکار اونکو متانت سے ہے | کہ اب اونہین اپنی شہرت سے ہے
حسینی ہوئے خود ہی گوشہ نشین | ملا اونکو یہہ مسلک عارفین
مسلم ہوئی شوکت معنوی | وہا حقیقہ یہہ خلعت معنوی
شوکت

۱۹،

رہی عباسیوں کی بہم سلطنت
ترکیوں کی ہوئی سلطنت

ہوا دور گردوں میں یہہ انقلاب
ہوئے آل عباس سی کامیاب

ملی آل عباس کو سلطنت
ہوئی منکرو ضائع ہو سلطنت

یہہ میراث ہے اہل اسلام کی
یہہ شوکت ہے سب اہل اسلام کی

حسینی ہوں اسکے بہر مدعی
کہ ہیں سلطنت کے وہی مدعی

علی علی کے جو تھے تابعین
سبی بات اون سکے تھی و لیکن

مقابل میں اونکے ہوں سہم دو بدو
کنارا کرین اور ہوں ایک سو

پریشان ہوئے جا بکے جو خیال
فراہم کرین اونکو یہہ تھا خیال

دیا اس طریقہ کو بالکل بدل
کیا متفق رائے پیرلون عمل

جمع ہوگئے سب تابعان علی
جو تھے خاص کر شیعیان علی

مصائب کہ گذرے تھے جو واقعات
بیان کرتے دل سوز وہ واقعات

جو گذرے تھے آل نبی پر ستم
شدائد جفا کے ستم پر ستم

جو عباسیوں کو ہوئی اطلاع
بہ تنبیہ و تعذیب کی اجتماع

تھا اندیشہ برہم ہو سلطنت
رجوع اونکی جانب ہو سلطنت

جو عباسی سمجھے بعقل کمال
یہہ تدبیر کی ہے بعقل کمال

جو تھے تابعان حسن و علی
ہوئے ظلم اون پر خفی و جلی

بیان مصائب میں ملزم ہوئے
شدائد سے اونکو مزاحم ہوئے

دیا جرم سنگین میں اسکو قرار
دیا حکم یہہ بر ملا آشکار

محبت میں اونکی کرے پیروی — شریعت میں اونکی کرے پیروی

علامت یہ ہے جب سے ہوا اسکا ظہور — وہ ہو مورد ظلم حاکم ضرور

وہ ہے مستحق جرم سنگین کا — مخالف ہے وہ حکم و آئین کا

سخن مختصر تابعان حسین — گنہگار ہیں عاشقان حسین

ہوئے حکم حاکم سے معتوب سب — ہیں محبوس و مجبور مغلوب سب

یہہ سب مومنین نے تشدد سہے — عقاید پہ مضبوط و قائم رہے

ہوا بدبختیان کو حسد و فتور — ہوی اونکے دل سے محبت نہ دور

گھٹا ہے ستم سے جو اونکے وقار — گئی سلطنت اونکی انجام کار

رہی کچھ دنون گر دنین سلطنت — حسینی کی جو کہ ہین تھی سلطنت

سخن مختصر یہہ کہ بعد از حسین — باولاد ہاشم ہوی زیب و زین

یہہ روحانی اونکو ریاست ملی — جو تھی معنوی وہ خلافت ملی

یکے بعد دیگرے تکین و مہین — ائمہ ہدیٰ طیب و طاہرین

ہوئے خیر خواہان ولاے حسین — بجا لائے یہہ سبھی عزاے حسین

جو تھے تابعان علی و ولی — جو تھے دوستان علی ولی

ہوئے مومنین اونسے بھی اسقدر — کہ رونق ہوی اسکو بحد دگر

بجا لاتے ہین وہ عزاے حسین — جو ہین غرق عشق ولاے حسین

طریقہ یہہ جاری جو سالوں سے تہا — نتیجہ یہہ آج اوسکا پیدا ہوا

ہنود و مسلمان ہین جسجا کہین — وہ شہر و قریہ ہو جسجا کہین

قلیل و کثیر ہون جہان جیہ — ضرور ہے کہ یہہ آئین لگے وہ تعزیہ

جہ اقوام دیگر مین مثل ہنود — ہے اونمین بہی اس تعزیہ کی نمود

مراد اس سے ہین راجہ کوالیار — عزادار وہ بہی ہین عالی وقار

جو گبر وجہ تر سا محب حسین — بہت سے ہین راجہ محب حسین

جو جی ہو رجہ راجہ الوری — عزا مین ہے انکی کرم گستری

مرہٹہ بہی رکہتے ہین سب تعزیہ — اوٹہاتے ہین با صد ادب تعزیہ

حضور صاحبو اک ملک سا جس ہے — مروج وہان بہی یہہ آئین ہے

اوہین نام حضرت سے ہی اتحاد — وہ ہین خاص احباب با اعتقاد

حسین اونکے دلکو بہی کرتے ہین شاد — وہ پاتے ہین جو مانگتے ہین مراد

خداداد یہہ عظمت و شان ہی — ہر اک نام حضرت پہ قربان ہے

خدا کی طرف سے یہہ جمکا علم — شعاع حقیقت کا چمکا علم

نہ ہندوستان ملکہ تا غرب و شرق — درخشندہ تابندہ مانند برق

عزادار وہ ہین جو ہین مومنین — ترقی پہ ہے ماتم شاہ دین

ہے ایمان جنکا ولائے حسین — ہمیشہ ہی اونکو عزائے حسین

محرم میں اکثر صغیر و کبیر — اوٹھاتے ہیں ہر سال مال کثیر
شب و روز ہیں جابجا مجلسین — ہیں محبوب اہل عزا مجلسین
ہے بی شبہ اونکو حصول ثواب — بلاتے ہیں مجلس میں جو سرداب
جو تقسیم کرتے ہیں نذر حسین — ملیگا اونہیں اجر نذر حسین

محرم میں رکہتے ہیں اکثر سبیل
ہے نذر سقائی کوثر سبیل

جو ہیں معترض وہ ہیں دور بین — مگر اصل مطلب سے واقف نہیں
ہوا ہے جو ماتم کا رسم و رواج — کہ ہر بار شیعو نہیں جسکا علاج
تحرکات محزونانہ ہیں اسکو لکہا — جو قاصر ہوا اونکا ذہن رسا
سمجہنے میں ایسکے نہ کی التفات — ذرا غور سے دیکہیں ایسکے نکات
مورخ کا یہہ قول ہے بیشک صحیح — اگرچہ ہے یہہ حرف بدیں ہیں صریح
محب حسین و علی پیشتر — نہ تہے ہند میں اب ہوئے جسقدر
یہہ کہنے کے قابل ہیں تہے چند عدد — کہ تہے خال خال آہ ہیں با شد و مد
کرو دسوم میں ہے انکا شمار — بلاد دگر میں ہزاران ہزار
جو عیسائی مذہب میں ہم دیکہتے ہیں — تو یہہ جذبہ شوق کم دیکہتے ہیں
اگرچہ ہیں شرح محاسن کامل تمام — ترقی ہے دنیا کی حاصل تمام
کہیں کیا بیان ہم صفات مسیح — مصائب جو گذرے ہیں بذات مسیح

زبان

بیان کرتے ہین اونکو سب پادری — سناتی ہین مجمع مین سب پادری
بہت جا بجا پڑ جاے اسکا اثر — نہین پڑتا ہر کوئی اُسکا اثر
حسینی عزا مین ہے جیسا رواج — نہین ذکر عیسا کا ایسا رواج
بتحقیق ہم پر یہ واضح ہوا — مسیح کے مصایب ہین ہین سوا
کرین وزن ہر دو جو ذی امتیاز — تو دل سوز جانکاہ اور دلگداز
مصایب مین برتر حسین از مسیح — نبوت کے درجہ مین گو ہین مسیح
مورخ ہمارے جو لکھتے ہین صاف — حسینی جو ہین اونکے ہوگا خلاف
نہ مجنون و سودائی اونکو لکھین — ادا جو کہ مرسوم ماتم کرین
نہ سمجھے جو اسکو وہ مجنون ہی — حسینی عزا یہ قانون ہی
حفاظت اسی سے ہے اسلام کی — یہی بیخ ہی اہل اسلام کی
حسین ہی کہ تو قتل سے یہ ہوا — کہ سکہ نسر تو دلو مین پڑا
سیاست کے مسلک کے جو ہین حکیم — ہین روشن طبع وہ بعقل سلیم
فواید وہ سمجھے ہین اسکے تمام — مروج ہی جو آج در خاص و عام
ہوئی ہی یہ معراج دین رسول — شہادت ہی معراج دین رسول
طریق مبارک نہایت سعید — جو ہر سال ہے واقعہ یہ جدید
حسینی رہین گے سدا سر بلند — پس از قتل کے کیون ہوا سر بلند
عزاداری جبتک کہ ہے برقرار — گوارا کہ پنچے نہ یہ ننگ و عار

کریگا نہ یہہ زیر دستی قبول — کہ بیعت ہیں کرتے آل رسول

ذرا دیکھنا چاہیے غور سے — مجالس کو رونق دی کس طور سے

ہو بنیاد مجلس کی جسپر جہان — مصایب کا ہوتا ہی اوسمیں بیان

سوا اسکے بعض انبیا کا بیان — کہ آگاہ اس سے ہوں کل مردمان

جو گذرے ہیں خاصان حق اولیا — ہوے ہیں بلا و محن وہ مبتلا

بیان بعض ہوتے ہیں وہ واقعات — فرح بخش ہر روح و ہر ذی حیات

مولف یہہ کرتا ہے اسجا بیان — نہا ذکر مصایب گیا ہیں وہان

سقیفت میں اوس شخص کے مین گیا — کہ مخصوص وہ اک مسلمان تہا

یہہ بیشک ہو رہی ایک بزم محن — ہی مبنی بنام حسین و حسن

یہہ کہتے تہے واکر بصد شور و شین — بڑے پیشوا ہیں امام حسین

جو ہی ہو ہیں خاص رب انام — سمجھتا ہے بیشبہ اون کو امام

کرو اپنے آقا کی تم پیروی — شریعت میں اونکی کرو پیروی

وہ ہیں بندہ خاص رب مجید — نہ ہرگز ہوے وہ مطیع یزید

ہوا آپ سے حفظ دین رسول — نہ بیعت کی حضرت نے اوسکی قبول

جو مقتول راہ خدا ہیں حسین — تو سر دفتر اصفیا ہیں حسین

ہوی معنوی اونکو فتح عظیم — مصدق ہوی اونپہ ذبح عظیم

تصدق تہے عاشق ذو الجلال — فدا اوسپہ سب کر دیا جان و مال

شفیع کل مخلوق کے ہو گئے حسین ۴ کبھی تم سے غافل نہو نگے حسین ۴

جو دشمن ہیں حضرت کے ہو نگے خراب ہی دنیا و عقبیٰ میں اونپر عذاب

ہیں عالی مراتب میں بازیب و زین قتیل و ذبیح رہ حق حسین ۴

حصول انکو ایسے مراتب ہوئے کہ رتب علا کے مقرب ہوئے

نہ پایا کسی نے یہ درجہ رفیع ملا آپ کو ایسا رتبہ رفیع

نہ سمجھو بلکہ واقف ہیں اس سے سبھی ہیں کرتے تعلیم ہیں تم کو بہی

ملیگی ہمیں دولت اخروی کروگے جو مظلوم کی پیروی

حصول شرافت میں ہو افتخار کرو ترک اوسکو جو ہو ننگ و عار

نہ بدی اگر ہوں زبردست تر رہو اون کے ظلموں سے تم بیخطر

جو عزت کا مرنا کرے اختیار حیات ابد پائے ہو رستگار

کریں یاد نیکی سے کل خاص و عام رہو دین دنیا میں تم نیکنام

مسلّم ہے یہہ بات اور ہی صحیح جو ہو تارک سیّات و قبیح

خصائل ہوں عالی جو باقی الضمیر شرافت میں ہو وہ عدیم النظیر

سر و دل میں جسکے ہو عزت کا جوش وہ ہو قوم میں نامور سرفروش

یہی حق پرستی کی تعلیم ہی حقیقی تمدن کی تعلیم ہی

جو اہل یورپ کرتے ہیں اعتراض سراسر یہ اونکے ہیں بیجا اعتراض

وضع مذہبی کے ہین اون کے اصول — ہین ہین وہ وحشی بیابان کے فضول

کرین اصل مقصد پہ اوسکے نظر — ہوون معترض اوسکو سمجہین اگر

کہا ہمنے جو کچہہ ہین سے خلاف — نتائج ہین اسکے بہت المضاف

جو قومی ہین مذہب کے رسم و رواج — بالضافل دیکہین ہین اسکو علاج

مراسم ہین ایشیائی کے ناپسند — خلاف ادب اور ہین ناپسند

سمجہتے ہین اسکو خلاف ادب — وہ ہم عام جلسون مین کرتے ہین اب

زن و مرد کا ناچنا باہمی — ہے مذموم یہہ ناچنا باہمی

منافع سیاست کے اسمین ہین — حصول مراتب بہی اسمین ہین

ہے اسلام مین یہہ طبعی اثر — عزادار ہوتے ہین جو نوحہ کر

دکہاتے ہین شان عزائے حسینؑ — خبر آخرت کی ولائے حسینؑ

عزادار رکہتے ہین یہہ اعتقاد — ہین درجات عالی بروز معاد

جیسے تاریخ مین یہ ہے مسطور — کہ رکہاو تصدیق اسکی ضرور

جو اصلاح اخلاق کے ہین امور — وہ کل ایشیا مین ہین حکمت سے دور

ہنین اومین بالفعل استعمل — ہین لیجیے تعلیم تا ہو اکمل

مگر چاہیے مدت دو قرن — کہ ہون صاف دل مثل اہل وطن

بجز اس ذریعہ کے ممکن ہنین — بجز اسکے تدبیر روشن ہنین

وہین تین سو ملتون کے نفوس
یہی اہل اسلام کے ہین نفوس

مگر منتخب پانچ اہل ملل
کہ ہین مذہب وون مین مستقل

جو اسلام سے کر کے قطع نظر
عروج آئے مین جائے کوئی بہتر

سر تو وہ قائم کرے بیل لکھل
ہو نقصان بد انفع مین خلل

سنو ہم سے اسکی دلیل صحیح
مسلمانون کے پانچ حق سے صحیح

وہ ہین مضمحل ایسے ہین تابعدار
دگر ملتون کے ہین اونپر فشار

ترقی کے اپنے جو ہون خواستگار
تو روح تن سے پاکر نکلنے ہو و فرار

طریقہ جو اسلام جامع کا ہی
ذریعہ جو اسلام جامع کا ہی

کرو دو مسلماہمین ہو فرد فرد
تو ہو لو الشکل اکئی پا شدومد

عروج ہو روحانی یہ سلسلہ
ترقی کا پیدا ہو یہ سلسلہ

ہین اسلام کے جو تمامی ملل
دگر قوم کے ظلم سے مضمحل

وہ محفوظ ہون اور پائین امان
عروج ہون ہر طرح کی خوبیان

ہی اول ہمین یا علی المرتضے حسین
نسبت علی کی ولائے حسین

ہمیشہ سے ہے جیسا شایع آج
مسلمانون مین ہے رسم و رواج

نہ اکسا یہ ہین بلکہ جتنے مقام
اور ایسے رسوم ہو وین بطور عام

بڑی ہو الشکل زندگانی ہے
یہہ تدبیر کل کا ماثر انکی ہے

مسلمان فرقہ ہے جو مستقل
وہ ایسے ہین سے متحد ایک دل

گر ضعف اتنا ہی اوس میں قوی — نہ دین خدا کی جیسے پیروی
رہا رابطہ باہمی یہ اگر — وہی دن ہے گویا کہ ہے پیش نظر
ہو اسلام کی بس جماعت قوی — یہ اک سلطنت ہو نہایت قوی
مسلمان عالم کے کل بالتمام — جمع ہو کے ہو جائیں اک دل تمام
تو قائم ہو یہ رابطۂ اتحاد — تو ظاہر ہو سب عظمت اتحاد
ہیں اسلام کے فرقے چندیں فریق — ہیں اک فرقہ میں ایسا طریق
کنارا کرے جو رہ دین سے — ہو منکر پیمبر کے وہ دین سے
تھے کہ رب ولا کے بھی حامل حسین — صحبت میں حق کے تھے کامل حسین
مصائب کے سننے میں ہیں ذوق و فور — ہیں کوئی جسکو ہو اس سے نفور
عموماً خصوصاً ہیں راغب سبھی — یہ اک مذہبی رسم ہیں باہمی
خوارج کا فرقہ ہے جو اک پلید — شقی ازل نابکار یزید
ہیں اونکو ہوئے مصائب شنیع — ہو باطل کو کیا حق کی جانب رجوع
مسلمان عقائد میں ہیں مختلف — مگر اس سے کوئی ہیں منحرف
یہی تو ہے اک نکتۂ اتحاد — کہ مسدود جس سے ہی راہ عناد
حقیقت میں بیشک حسین فصیح — تھے پاکدامن بتیے مثل مسیح
مصائب تھی ہیں بہ لکھے شدید — شجاعت سخاوت بحد سے مزید
کریں غور کچھ ہم پیروان مسیح — تو حق میں ہوں خود نا بجان تیج

مصائب میں حضرت کے بعد از عمر — کسی پر نہ سختی ہوئی اسقدر
ہوئے قتل وہ بھی بعہد و لعین — جو تھے پیرو مسلک اہل دین
معاند کا دور دہ جہاں میں رہا — ہوئے قتل سادات بھی جا بجا
تقیہ کیا خوف سے جابری — ہوئے تابع مسلک جعفری
ہوئے قتل بعد محب علی — بہت ظلم کی تیغ اونپر چلی
ہوئے شاہ ایران جو شاہ صفی — تھے حامئے سادات شاہ صفی
جو طالع ہوا مذہب حق کا نور — شعاع اوسکی ہو پہنچی ہند و دور
مگر ہند میں شیعہ تھے خال خال — اور اسم محرم کے تھے خال خال
ہوئے وارد ہند اہل زبان — زبان فرس میں ہوئے روضہ خوان
ہوئی جا بجا روضہ خوانی شروع — ہوا عشرہ نوحہ خوانی شروع
یہ تھے مرثیہ گوئے اہل عجم — از ان جملہ مقبل و گر محتشم
عزائے حسینی ہوئی جو شیوع — ہوئے مرثیہ ان کے ہر جا شیوع
جو آتے تھے ایران سے اہل زبان — کوئی واقعہ خوان کوئی روضہ خوان
غرض رفتہ رفتہ تغیر ہوا — جو آئین سابق تھا ابتر ہوا
یہ ہے واقعہ چشم دیدہ کا حال — نہ ہے زبانی شنیدہ کا حال
ہوئی روضہ خوانی بھی ہندی میں — ہوئی نوحہ خوانی بھی ہندی میں
مروج ہوئی جب سے اردو زبان — ہوئے مرثیہ گوئے اردو زبان

ہوئی بزم میں سوز خوانی شروع | ہوئے گریہ کی سوز خوانی شروع
ہوا عام منہو نکو بجید پسند | مضامین و لہجہ و دل سوز بند
مضامین درد و غم و دل خراش | ہوئے نظم خوش ہو دل پاش پاش
ہر اک مرثیہ نوحہ درد و غم | ہر اک نوحہ اک مرثیہ درد و غم
ہوئے بانی طرز روشن ضمیر | تتبع میں جسکے انیس و دبیر
فصاحت بلاغت بنوع کمال | ہوئے مرثیہ گو بنازک خیال
یہ زیبائش منبر و انجمن | یہ تھے رونق منبر و انجمن
فصیح اللسان اور عذب البیان | یہ تھے بلبل باغ ہندوستان
ہوئی عالموں سے مروج حدیث | کہ تھی راستگو نکا منہج حدیث
ہو مقبول درگاہ رب لطیف | کہ ناظم ہے انکا نہایت ضعیف

تمنا ہے کہ بخت ہووے رسا
ہو آلودہ خاک شفا

تھا دہلی میں بھی اسکا رسم و رواج | نہ اسطرح جو لکھنؤ میں ہے آج
ستے روز ہوتی تھیں واں مجلسیں | تو پڑھتے تھے سب روضہ خوان مجلسیں
ہوئی پہلے رائج زبان عرب | ہوئی فارسی پھر زبان عرب
تھیں دہلی میں اک بیگم محترم | بڑی مومنہ تھیں وہ نیکو شیم
سر نام اون کے سمجھہ قدسیہ | لقب و علی خستہ و قدسیہ

وہ زوجہ سبی شاہ محمد کی ہین | عزادار آل محمد کی ہین

بنا کر وہ انکی ہے آک کربلا | ہے صد ہا برس کی یہہ آک کربلا

یہہ درگاہ شاہ شہدا کی ہی | مقدس جگہ شاہ مردان کی ہی

محرم مین ہر سال سب تعزیہ | وہین دفن کرتے ہین سب تعزیہ

نکلتی ہین کوی وہان شبیہہ | نکالی کسینے نہ باہر شبیہہ

مگر مجلسین ہوتی ہین جا بجا | ہوا ماتم شاہ دین جا بجا

بیان عزاداری حکام لکھنو

نواب و سلاطین کل لکھنؤ | ہوے سب کے سب شیعہ یکسو

سبھی ہومن پاک و دیندار تھے | دل و جان سے جملہ عزادار تھے

ازانجملہ آصف کا لکھتا ہون حال | تھی فیاضی انکی بنوع کمال

شروع ان کی جب سے حکومت ہوی | تو آبادی اسمین کثرت ہوی

تھے نواب آصف وہ عالی همم | نہ گذرا کوی ایسا عالی همم

کرورون کیا بذل انکی دریا دلی | سخاوت تھی انکی بدریا دلی

کشادہ تھا ہر وقت باب کرم | برستے تھے مثل سحاب کرم

کرورون کا خرچ و مصارف ہوا | عجب عہد خوش عہد آصف ہوا

رعایا و برایا کا دل شاد تھا | یہہ سب لکھنو غم سے آزاد تھا

اولو العزم شاہانہ جاہ و حشم | شب و روز بچھا تھا خوان کرم

نشان تن سبھی یہہ بہلے کرا — بنانا عزاخانہ خوش نما
کروروں روپی کی عمارت بنی — ہوا فیض سے اسکے عالم غنی
عمارت کی تفصیل بسی ہی طویل — بہت محکم و خوشنما و جمیل
لدا او کی حیثیت اوپر بہت مستطیل — ہیں اور عمارت کوئی اس قبیل
عزاخانہ و مسجد آصفی — یہہ دونوں ہیں اب بنا آصفی
ہیں کوئی ایسی عمارت رفیع — عریض و طویل و نہایت وسیع
جلوخانہ پیش عزاخانہ ہی — نشان عمارات شاہانہ ہی
ہیں دروازہ اسکے رفیع المکان — بہت شاندار و رفیع المکان
خوش اسلوبی اسکی ہو کس سے بیان — ہر اوسے زمین سے مگر آسمان
کنول اور گیاس ہیں مثل نجوم — ضیاپاش و روشن ہیں مثل نجوم
خوشا بارگاہ ملک احترام — مقدس جگہہ ہے یہہ عالی مقام
مراتب زیادہ ہیں جسمیں کے — یہہ شہزادے بیشک ہیں کیو لیے کے
شریعت کے جادہ پہ تہے مستقیم — تو جاری ہوا اینہ ذبح عظیم
کہ ہیں عہد شاہی کا کیا ہم بیان — جلوس و تجمل بصد عز و شان
جو نواب آصف جہ واحد علی — تہے حکام شیعہ حنفی و جلی
ہزاروں سے لاکہوں تہے افزوں کرود — مصارف محرم کے بازور شور
جو زر روز زری تیکے تو تہین علم — ضیاپاش و رخشندہ زرین علم

محرم میں

محرم مین ہر سال دیکہا یہہ حال — معارف تہا ہجید بنوع کمال

بیان انتقال پر ملال نواب آصف الدولہ

ملازم تہے آصف کے ملا خطا — یہہ تہے روضہ خوان شہ کربلا

ہوئے دور گردون کے جو انقلاب — ہوئے نایل سیر جنت نواب

رہے ست و دو سال مسند نشین — ہوئے پہر یہہ مدعوئے خلد برین

رہا پاکے سر پر گرا کوہ غم — تو ملا خطا نے باندہ وہ قسم

بجہد بلیغ و بفکر تمام — کہی ہے یہہ تاریخ اخلاص و عام

سنہ رحلت آصفی ہے پدید — ہے ملا خطا کا کمال مزید

تاریخ وفات نواب آصف الدولہ

کلک عشرت نبا باج خزان شد ای ندیم — بوئے استشمام جنت می نماید از نسیم

آصف کین بند صدف را یک در شہوار بود — آن در شہوار رفت از دست و عالم شد یتیم

ملک نو بے آصف ست و آسمان بے آفتاب — شہر یونان بے مسیح و طور سینا بے کلیم

دار و آصف عشرتے در صحن آصف باغ خلد — انبیا ہمدم سلیمان ہمنشین آصف ندیم

نقش بند کاف و نون بر تربت آصف نوشت

ہاہنا روح و ریحان و جنات النعیم

فہرست کتب تالیفات و تصنیفات ہیچمدان

١ سبعۂ سیارہ منظوم بزبان فارسی در علم کیمیا بیان این در هفت مصباح است

٢ جواہر نامہ منظوم بزبان فارسی بیان تعریف و توصیف و حلول مضوعی و خواص ہر یک

٣ معلم الصنایع فی بیان این در سه رساله است اول در علم کیمیا دوم در علاج حسن باه سوم در نسخ متفرقه مجربه اطبائے سابقین بعبارت نثر

٤ دیوان فارسی

٥ دیوان دوم معه قصاید و رباعیات بقید ردیف مخزن لغات فارسی

٦ حیات العارفین مجموعه کلام ہیچمدان منظوم بزبان ف بیان این در هشت باب است

٧ معراج العاملین در علوم صنایع و بدایع عجیبه و غریبه نظم و نثر فارسی در هفت باب

٨ گنجینۂ حکمت بزبان اردو در سه باب اول در بیان خلقت حضرت آدمؑ و انتخاب اقوال انبیاؑ و علماؑ و حکما

٩ قصص الانبیا بزبان اردو منظوم

١٠ تاریخ نظم بزبان اردو در بیان سلاطین بہمنیہ دکن

١١ مثنوی اردو در بیان حالات سلاطین ہندوستان و تذکرہ عمارات ان نظم

١٢ دیوان اردو

خطوط منظوم بزبان فارسی که با احباب رقم نموده‌ام